4545 ـ اسلام قبول کرنا چاہتی ہے لیکن اسلامک سینٹرمیں صرف مرد ہیں

سوال

میں حقیقتا اسلام قبول کرنے کا سوچ رہی ہوں لیکن میرے شہرمیں مسجد کے اندر صرف مسلمان مرد حضرات ہی ہیں ، توکیا میں وہاں جاکر اسلام قبول کرنے کااعلان کروں ، یا کوئ اوربھی طریقہ ہوسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول :

ہم اس حقیقی سوچ پرآپ کومبارکباد دیتے ہیں کہ آپ اسلام قبول کرنے جارہی ہیں اوراس دین میں جوکہ دین حق اورعدل وانصاف کا دین ہے میں آنا چاہتی ہیں ۔

لگتا ہے کہ آپ انہیں میں سے ہیں جن کے بارہ میں اللہ تعالی خیرو بھلائ چاہتا ہے اورانہیں سعادت مند لوگوں میں لکھ رکھا ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اللہ تعالی جس کسی کوبھی ھدایت نصیب کرنا چاہتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کشادہ کردیتا ہے الانعام (125) ۔

دوم :

اسلامک سینٹر میں ہی قبول اسلام کا اعلان واجب اورضروری نہیں بلکہ صرف اتنا ہے کہ ہوسکتا ہے وہاں پرقبول اسلام کا اعلان کرنا کچھ رسمی معاملات کے لیے آسان ہو یا پھر مستقبل میں ثبوت پیش کرنے کے لیے لکھا ہوا سرٹیفکیٹ مل جائے ۔

تو اس بنا پر آپ کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ آپ کلمہ شہادت پڑھیں اوردین اسلام کے شعار پرعمل شروع کردیں مثلا نماز وغیرہ اوراللہ تعالی کے وہ احکامات جواس نے مسلمانوں پرواجب کیے ہیں اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے اس کی اطاعت کریں ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ آپ پراپنی نعمت کومکمل کرے اورآپ کوصراط مستقیم کی ھدایت دے کراس پرثابت قدم بھی رکھے ،آمین ۔

واللہ اعلم .